
سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

# رسولِ ذیشان

## کے 3 حقوق

28 اگست 2025



# رسولِ ذِیشان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کے 3 حقوق

**پیارے اسلامی بھائیو!** ہم پر ہمارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کے بے شمار احسانات ہیں، لہٰذا پیارے آقا مدینے والے مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کے حقوق بھی بہت زیادہ ہیں، آج ہم رسول ذِیشان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کے 3 حقوق سیکھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔

## پہلا حق : نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم پر ایمان لانا۔

**وضاحت:** حضورِ اقدس صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی نبوت ورسالت پر ایمان لانا، جو کچھ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم اللہ پاک کی طرف سے لے کر آئے، دل سے اس پر یقین رکھنا اور زبان سے اس کا اقرار کرنا، نبی پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم پر **ایمان لانا** ہے۔[1] نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم پر ایمان لانا ہر شخص پر فرضِ عین ہے۔ **نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم پر ایمان لانے میں یہ باتیں بھی شامل ہیں:**

❁ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم تمام مخلوق کی طرف بھیجے گئے ❁ پیارے آقا، مدینے والے مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم سب سے آخری نبی ہیں، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا ❁ پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم ہم میں سے کسی کی مثل نہیں بلکہ اپنی ذات اور صِفات میں تمام مخلوق سے افضل ہیں ❁ پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کو جو خصائِص وکمالات عطا فرمائے گئے ان پر بھی یقین رکھنا ضروری ہے۔ مثلاً: نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم ہم جیسے گناہگاروں کی قیامت کے دن شَفاعت فرمائیں ❁ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کو اللہ پاک نے علم غیب عطا فرمایا ہے ❁ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کو اللہ پاک نے اپنے نور سے پیدا فرمایا وغیرہ۔

## دوسرا حق : ادب واحترام کرنا۔

**وضاحت:** پیارے آقا، مدینے والے مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم کی ہر حال میں، ظاہر وباطن سے تعظیم

---

[1] ... الشفاء بحقوق المصطفےٰ، القسم الثانی، باب الاول فی فرض الایمان بہ...الخ، صفحہ:6۔

وتوقیر کرنا (ہر مسلمان) پر واجب ہے۔[1] **باطن سے تعظیم کی مثالیں:** ❁ ذکرِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے وقت دل میں خوشی، سرور اور سکون کا پیدا ہونا ❁ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی ہر بات کو دل سے تسلیم کرنا، عقل میں آئے یا نہ آئے وغیرہ۔ **ظاہر سے تعظیم کی مثالیں:** ❁ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے ذکر کے وقت اَدب و اِحترام کا پورا خیال رکھنا، مثلاً: ایسے الفاظ استعمال کرنا جن میں تعظیم ہو ❁ ہو سکے تو ذکر کے وقت دوزانو ہو کر، باادب بیٹھیں ❁ ذکرِ مبارک کے وقت درودِ پاک پڑھنا ❁ اگر روضۂ اَقدس پر حاضری نصیب ہو تو وہاں لہجہ نرم اور آواز پست رکھنا، اور انتہائی عاجزی اختیار کرنا ❁ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم سے نسبت رکھنے والی چیزوں کا ادب و احترام کرنا ❁ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کو نام سے نہ پکارنا، جیسے **یا محمد**، **یا احمد** کہنا کہ یہ بے ادبی اور حرام ہے،[2] لہٰذا جب بھی پکاریں تو **یارسولَ اللہ**، **یا نبی اللہ**، **یاحبیب اللہ** وغیرہ ان الفاظ سے پکاریئے۔

## تیسرا حق : اِتّباع کرنا

**وضاحت:** کسی کی مکمل اطاعت اور خالص پیروی کرنا **اِتّباع** ہے۔[3] اُمّت پر نبی دوعالم، شاہِ بنی آدم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کا حق ہے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی اِتّباع کی جائے، سیرتِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کو اپنے لئے **آئیڈیل (نمونہ)** بنایا جائے۔

اللہ پاک فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ (پارہ:3، سورۂ آلِ عمران:31) | **ترجَمۂ کنزُالعِرفان :** اے حبیب! فرمادو کہ اے لوگو! اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میرے فرمانبردار بن جاؤ اللہ تم سے محبت فرمائے گا۔ |

---

1 ... المعتقد والمنتقد مترجم، صفحہ:214۔
2 ... فتاویٰ رضویہ، جلد:30 صفحہ:157۔
3 ... تفسیر نعیمی جلد:3، پارہ:3، سورۂ آلعمران، تحت الآیت:31، صفحہ:375، بتغیر قلیل۔

